No. of Printed Pages : 2

UC408

OULE - 002

DIPLOMA IN URDU LANGUAGE

Term-End Examination

June, 2014

OULE – 002 : Contemporary Urdu Poetry

Time : 2 hours *Maximum Marks : 50*

نوٹ: سب سوالوں کے جواب دیجیے۔ نمبر مساوی ہیں۔

1۔ اردو ناول کی روایت پر ایک نوٹ لکھیے۔ 10

یا

اردو افسانہ کی روایت پر ایک نوٹ لکھیے۔

2۔ راجندر سنگھ بیدی کے فن پر تبصرہ کیجیے۔ 10

یا

عصمت چغتائی کے فکشن کی خصوصیات بیان کیجیے۔

3۔ قرۃ العین حیدر اور جیلانی بانو میں آپ کو کون پسند ہے اور کیوں؟ 10

4۔ قاضی عبد الستار کے افسانوں پر تبصرہ کیجیے۔ 10

یا

اقبال مجید کے افسانوں کی خصوصیات بتایئے۔

5۔ حسب ذیل اقتباس کو پڑھیے اور نیچے دیئے ہوئے سوالوں کے جواب دیجیے۔ 10

دوسرے دن جب شیش محل کے دالان میں مرزا صاحب دراز ہوئے اور پیچوان کا ایک کڑکڑاتا ہوا کش لیکر دھوئیں کا ننھا سا بادل غبارے کی طرح اڑا کر چھوڑ دیا تو انہیں ماضی کا جنگل نظر آتا جس میں ان کے خریدے ہوئے ہاتھی کھڑے تھے، مارے ہوئے شیر پڑے تھے، گھوڑے زمین پر پاؤں پٹک پٹک کر سپاہیوں کے ہاتھوں سے لگامیں چھڑا رہے تھے۔ وہ انتہائی طمانت کے ساتھ ان زنماروں سے جی بہلا رہے تھے کہ شور ہوا "آندھی آئی" پھر چاروں گھونٹ اندھیرا چھا گیا۔ گھوڑے لگامیں تڑا کر بھاگ گئے اور چیخ چیخ کر سپاہیوں کو پکارتے رہے لیکن کسی کے کان پر جوں نہ رینگی۔ پھر بجلی چمکی اور سارے میں فانوس جل اٹھے۔ انہوں نے اس روشنی میں دیکھا کہ نوبت خانے کے میدان میں شامیانہ لگا ہے۔ اس کے وسط میں گنگا جمنی نمگیرہ کھڑا ہے۔ اس پر جمنی راجاؤں کی طرح نیم دراز ہے اور سارا جلسہ اس کے گرد لگا ہے۔ سب اس کی ایک نگاہ کے محتاج ہیں۔ جمنی جو ان کے پیٹ پر سوتا تھا جو ان کی پیٹھ پر سواری کرتا تھا، وہ جمنی آج انہیں معطل کر کے ہر اس چیز پر قابض ہو گیا جس پر ان کی اور صرف ان کی حکومت تھی۔

1۔ حسب ذیل اقتباس کس افسانے سے لیا گیا ہے اور اس کا مصنف کون ہے؟

2۔ اقتباس میں ماضی کے جنگل سے کیا مراد ہے؟

3۔ نمگیرہ سے کیا مرد ہے؟

4۔ مرزا صاحب کس جمنی کے بارے میں سوچ رہے ہیں؟

5۔ آندھی آگئی، فقرہ کس معنی میں استعمال ہوا ہے؟

—— ** ——